مولانا محمد ابراہیم فانی

ذرّہ ذرّہ دو عالم زیرِ بار مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم

خاکِ یثرب اللہ اللہ جلوہ زارِ مصطفیٰؐ
مرحبا صد رشکِ جنت یہ دیارِ مصطفیٰؐ

ان کے فیضان کرم کی انتہاء کوئی نہیں
حوض کوثر ایک ادنیٰ جوئبارِ مصطفیٰؐ

خارِ طیبہ پر فدا ہیں جنۃ الماویٰ کے پھول
گل فشاں کون و مکاں پر ہے بہارِ مصطفیٰؐ

باعث تخلیق امکاں روحِ جسمِ کائنات
ذرہ ذرہ دو عالم زیرِ بارِ مصطفیٰؐ

آپ ہی کے نام سے یوں حرف کو عظمت ملی
لفظ کی حرمت بہ نعتِ زرنگارِ مصطفیٰؐ

رشکِ شاہی ہے مرا رتبہ یہی فانؔی کہ میں
خاکِ پائے خادمانِ چاریارِ مصطفیٰؐ